بہترین ادارے کے لیے کامن ویلتھ آف لرننگ کے بین الاقوامی میرٹ ایوارڈ سے دومرتبہ نوازا گیا۔
وزارت ترقی انسانی وسائل حکومت ہندئ دہلی کی طرف سے 'کلین کیمپس رینکنگ '2019 موصول ہوا۔

یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی، ناسک

Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University, Nashik

NAAC Accredited 'A' Grade

www.ycmou.ac.in

School of Humanities and Social Sciences

اسکول برائے انسانی وسماجی علوم

Urdu (M48)

Master Degree (M.A.) Programme


NEP 2020

PROSPECTUS

Academic Session - January, 2025



یونیورسٹی کا ترانہ



विद्यापीठ गीत

एक प्रतिज्ञा असे आमुची ज्ञानाची साधना ।
चिरंतन ज्ञानाची साधना ।
ज्ञान हेच संजीवन साऱ्या जगताच्या जीवना ।। धृ ।।

ज्योत जागवू सुजाणतेची सकलांच्या अंतरी ।
तीच निवारील पटल तमाचे प्रभात सूर्यापरी ।
ज्ञानच देउळ, ज्ञानच दैवत, प्रगतीच्या पूजना ।। १ ।।

नव्या युगाचा नव्या जगाचा ज्ञान धर्म आहे ।
त्यातच अमुच्या उजळ उद्याचे आश्वासन राहे ।
मुक्त करिल तो परंपरेच्या बंदिघरातुन मना ।। २ ।।

हाच मंत्र नेईल आम्हाला दिव्य भविष्याकडे ।
न्यायनीतीचे पाऊल जेथे भेदाशी ना अडे ।
जे जे मंगल पावन त्याची जेथे आराधना ।। ३ ।।

कुसुमाग्रज

Production:
Prof. Nagarjuna Wadekar
Director
School of Humanities and Social Sciences,
Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University, Nashik - 422 222

Production Assistance:
Dr. Rasheed Ashraf Khan
Academic Coordinator (Urdu)
School of Humanities and Social Sciences,
Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University, Nashik - 422 222

©2024, Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University, Nashik – 422 222
First Edition : December, 2024
Publisher: Registrar, Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University, Nashik – 422222

Master of Urdu (M.A.) (M48) Prospectus

Academic Session - January, 2025

فہرست

01۔اوپن یونیورسٹی کا تعارف

1.1 اوپن یونیورسٹی کے مقاصد

02۔ اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کا تعارف

2.1 اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کے مقاصد

2.2 اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کی نمایاں خصوصیات

03۔مطالعہ کے طریقے

3.1 کریڈٹس

3.2 مطالعاتی مواد

04۔ پروگرام کے بارے میں

4.1 نصاب کی ساخت

4.2 کورس کے مقاصد اور نتائج

05۔ پروگرام کا ڈھانچہ

5.1 ایم۔اے سال اول (داخلے کی اہلیت، دورانیہ، کورس کی فیس)

5.2 ایم۔اے سال دوم (داخلے کی اہلیت، دورانیہ، کورس کی فیس)

06۔تعین قدر کا طریقۂ کار

6.1 ایم۔اے سال اول کے تعین قدر کا طریقۂ کار (داخلی، حتمی، فیلڈ پروجیکٹ)

6.2 ایم۔اے سال دوم کے تعین قدر کا طریقۂ کار (داخلی، حتمی، ریسرچ پروجیکٹ)

6.3 داخلی تعین قدر کے لیے تفویضات آن لائن اپ لوڈ کرنے کی ہدایات

07۔رجسٹریشن کا عمل

08۔ اسکالرشپ اسکیم کے لیے یونیورسٹی کے کورسز

09۔ ABC-ID/APAAR-ID and DEB-ID بنانے کی ہدایات

10۔ خصوصی ہدایات

11۔سائبر سکیورٹی کورس (لازمی آڈٹ کورس)

12۔ریجنل سینٹرس

13۔ضمیمہ

ضمیمہ 1: امیدوار/ طالب علم کا معاہدہ (اردو/انگریزی)

ضمیمہ 2: غریب طلبا کی امدادی اسکیم کے ضوابط

ضمیمہ 3: یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی قرارداد (2004)

ضمیمہ 4: جی آر مساوات اور منظوری، حکومت مہاراشٹر

ضمیمہ 5: جی آر 10ویں اور 12ویں کے لیے مساوات

ضمیمہ 6: ایک سے زیادہ کورسز میں داخلہ

ضمیمہ 7: یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (یو جی سی) 12-B کا شناختی خط

ضمیمہ 8: طلبہ کی فلاح و بہبود کی اسکیم

ضمیمہ 9: سائبر سکیورٹی کورس (لازمی آڈٹ کورس)

ضمیمہ 10: سائبر سکیورٹی کورس (لازمی آڈٹ کورس) کے لیے یو جی سی کا خط

ضمیمہ 11: پروگرام کا شیڈول

01۔اوپن یونیورسٹی کا تعارف

'اوپن یونیورسٹی' کا تصور عالمی سطح پر قبول کیا جاتا ہے۔ملک اور بیرون ملک کے دیہی علاقوں میں عوام کی ایک بڑی تعداد عدم سہولیات کی وجہ سے علم حاصل کرنے سے محروم رہتی ہے۔ ملازمت اور پیشے سے منسلک رہنے والے ناخواندہ افراد کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اوپن یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔1969 میں انگلینڈ میں دنیا کی پہلی اوپن یونیورسٹی قائم ہوئی۔اس کے بعد چین، جاپان، کینیڈا، تھائی لینڈ، سری لنکا، پاکستان، بنگلہ دیش جیسے کئی ممالک میں اوپن یونیورسٹیاں قائم ہوئیں جن کا مقصد سماج اور معاشرے کے خواہشمند افراد کو مختلف تعلیمی وسائل سے آراستہ کرنا ہے۔ ہندوستان میں پہلی اوپن یونیورسٹی 1982 میں حیدرآباد (آندھراپردیش) میں قائم کی گئی تھی۔سال 1985 میں، مرکزی حکومت نے دہلی میں 'اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی' قائم کی۔اس کے بعد راجستھان، بہار، مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، گجرات، کرناٹک، مغربی بنگال، اتر پردیش، تمل ناڈو، چھتیس گڑھ، آسام، اتراکھنڈ، اڈیشہ، پنجاب، کیرالا میں کئی اوپن یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔

ریاست مہاراشٹر میں تعلیمی اصلاحات کی ایک طویل اور بھرپور روایت رہی ہے۔مہاتما جیوتی با پھلے، ڈاکٹر پنجاب راؤ دیشمکھ، ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر، بھاؤ راؤ پاٹل، سوامی رامانند تیرتھ اور دیگر عظیم مفکرین اور مصلحین نے ریاست میں تعلیمی فلسفہ اور تحریک میں اہم کردار ادا کیا ہے۔انھیں اس بات کا شدید احساس بھی تھا کہ ریاست مہاراشٹر میں ایک اوپن یونیورسٹی قائم کی جائے۔لہٰذا یکم جولائی 1989 کو مہاراشٹر کے ریاستی مقنّنہ کے 1989 کے ایکٹ XX کے تحت ایک اوپن یونیورسٹی کا قیام عمل میں آیا جس کا نام مہاراشٹر کے عظیم سیاسی رہنما اور جدید مہاراشٹر کے معمار یشونت راؤ چوہان کے نام پر رکھا گیا۔**''یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی''** ہندوستان کی پانچویں اوپن یونیورسٹی اور مہاراشٹر کی پہلی اوپن یونیورسٹی ہے۔یونیورسٹی کا صدر دفتر ناسک میں ہے اور یونیورسٹی کا دائرہ اختیار پوری ریاست مہاراشٹر ہے۔پورے مہاراشٹر میں 2400 سے زائد اسٹڈی سنٹر (LSC) اور 8 ریجنل سینٹر قائم ہیں۔

یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (یو جی سی) ایکٹ کے آرٹیکل 12(b) کے تحت تسلیم کیا گیا ہے۔اس کے مطابق، مہاراشٹر ریاستی مقنّنہ اور یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے یونیورسٹی کو سرٹیفکٹ، ڈپلومہ، ڈگری، پوسٹ گریجویٹ اور تحقیق کی اجازت دی ہے۔یہ یونیورسٹی کئی معروف قومی اور بین الاقوامی تعلیمی اداروں کی رکن ہے۔یونیورسٹی کو دو بار کامن ویلتھ آف لرننگ کے بین الاقوامی اعزاز سے نوازا جا چکا ہے۔ حال ہی میں اسے NAAC کی جانب سے "A" گریڈ کا درجہ دیا گیا ہے۔

یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی ملک کی تمام تسلیم شدہ یونیورسٹیوں کے برابر ہے۔اس یونیورسٹی کی ڈگریاں تمام سرکاری، نیم سرکاری اور نجی اداروں وغیرہ میں ملازمتوں کے لیے دیگر یونیورسٹیوں کی ڈگریوں کے مساوی ہیں جنہیں مہاراشٹر حکومت نے تسلیم کیا ہے، مستقبل کی ترقی کے ساتھ ساتھ مزید تعلیم کے لیے مہاراشٹر اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن نے پہلے ہی اعلان کیا ہے کہ یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کے طالب علم مہاراشٹر اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن کے مقابلہ جاتی امتحانات کے لیے اہل ہیں۔اب تک یونیورسٹی کے بہت سے طلبا سینٹرل اور اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن کے مختلف مقابلہ جاتی امتحانات میں کامیاب ہو چکے ہیں۔

اوپن یونیورسٹیوں کا مشن قومی اور ریاستی ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ ہم آہنگی اور ترقیاتی ضروریات کے مطابق جامع تعلیمی پروگرام فراہم کرنا ہے۔نیز بدلتی ہوئی ٹیکنالوجی اور اس کے مطابق بدلتے ہوئے طرز زندگی کے نقطۂ نظر سے ایک ایسا نصاب تیار کرنے پر مرکوز ہے جو معاشرے کی تبدیلی کے لیے علمی خاکہ فراہم کرتا ہے۔لہٰذا اوپن یونیورسٹیاں زندگی کے ہر شعبۂ جات میں مہارتوں پر مبنی تصورات کو نافذ کر کے ایک ہنرمند معاشرے کی تشکیل کے لیے کوشاں ہیں۔یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کا نصب العین 'گیان گنگا گھر وگھری' یعنی 'علم کی شمع گھر گھر ہے' اور یہ 'عوامی' یونیورسٹی' بننے کے راستے پر گامزن ہے۔یونیورسٹی کا مقصد معاشرے کے تمام لوگوں کی ضروریات کے مطابق تعلیم فراہم کرنا ہے۔جسے وہ ہیڈ کوارٹر، ڈویژنل مراکز، ضلعی مراکز، مطالعاتی مراکز کے ذریعے دیہی، شہری اور قبائلی علاقوں میں عام لوگوں تک پہنچنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔اس یونیورسٹی کی پالیسی مادری زبان کے ذریعے تعلیم فراہم کرنا ہے اور یہ یونیورسٹی یشونت راؤ چوہان کے تعلیمی فلسفے کے مطابق کام کر رہی ہے کہ مقامی زبان کو علم کی زبان کا درجہ حاصل کرنا چاہیے۔

1.1 اوپن یونیورسٹی کے مقاصد

1۔تعلیم کو معاشرے کے ہر،شہری، دیہی اور پسماندہ مزدوروں، گھریلو خواتین اور دیگر بالغان کو ان کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈگری کی تعلیم، پیشہ ورانہ تکنیکی اور دیگر تعلیمی تربیت کے مواقع فراہم کرنا،یعنی معاشرے کی مختلف سطحوں کے درمیان علمی تفاوت کو دور کے ایک ذریعہ کے طور پر کام کرنا۔

2۔ایک لچکدار اور فعال فاصلاتی تعلیم کا نظام تیار کرنا جہاں پڑھنے اور سیکھنے کے خواہشمند افراد کو عمر، اہلیت اور اہلیت کے معیار کی پابندیوں کو دور کر کے منصفانہ طریقے سے تعلیم دینا۔

3۔روایتی یونیورسٹیوں میں تعلیم مکمل نہ کرنے والے افراد کی طرف سے مکمل کیے گئے تعلیمی حصے کی قدر کرتے ہوئے اوپن یونیورسٹی کے دستیاب تعلیمی پروگرام (کریڈٹ ٹرانسفر سسٹم) میں مزید تعلیم کے لیے راہیں ہموار کرنا۔

4۔رسمی اور غیر رسمی تعلیم کے ساتھ ساتھ مختلف فنون لطیفہ کی نشوونما کے لیے معیاری تعلیم فراہم کرنا،افراد کو بدلتی ہوئی ٹیکنالوجی کے مطابق ڈھالنے کے لیے نئی ٹیکنالوجیز میں تربیت دینا،آرٹ کی روایت،ثقافتی ورثے کو محفوظ کرنا۔ ہندوستان اور خاص طور پر مہاراشٹر کی سماجی بیداری کے ساتھ ساتھ قومی یکجہتی اور انفرادیت کی اجتماعی ترقی کے حصول کے لیے ایک مختلف نصاب تیار کرنا۔

5۔حکومتی گرانٹس پر انحصار کرنے کی بجائے انتظامی اخراجات کے حوالے سے خود انحصاری پر زور دینا۔کمپیوٹرائزڈ اور الیکٹرانک آلات کے موثر استعمال کے ذریعے کفایت شعاری اور معیار پر مبنی آپریٹنگ سسٹم تیار کر کے نجی اور سرکاری اداروں کی مالی شراکت کی حوصلہ افزائی کرنا۔

02۔اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کا تعارف

اسکول برائے انسانی وسماجی علوم میں انسانی اقدار کے ساتھ ساتھ انسان کے تخلیق کردہ فنون لطیفہ، ادب، تجارت، خاندان، ریاستی اداروں کی ساخت، فلسفہ اور تاریخ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔اکیسویں صدی کے عالمی چیلنجز کا سامنا کرنا، ناخواندہ طبقہ کو خواندگی کی طرف مائل کرنا،تعلیم یافتہ سماج کی تشکیل اور تعلیمی وسائل کو ترقی دینا ہی اس اسکول کا نصب العین ہے، بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ انفرادی ترقی پر زور دینا،فرد کی مجموعی ترقی کے لیے مددگار ہونا اور فرد کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا اس اسکول کے کورسز کی نمایاں خصوصیات ہیں۔

2.1 اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کے مقاصد

1۔طلبا پر مبنی نصاب تیار کرنا۔

2۔فاصلاتی نظام تعلیم کے مطابق مطالعہ اور تدریس کے لچکدار طریقے اپنانا۔

3۔معاشرے کے ان نظر انداز طبقات تک تعلیم پہنچانا جو ابھی تک تعلیم تک نہیں پہنچ سکے۔

4۔طلبا کو انسانی اور سماجی علوم میں تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دینا۔

5۔سماج کی تشکیل میں جدید طریقۂ کار کو فروغ دینا۔

6۔فاصلاتی تعلیم کے ذریعے عام آدمی تک رسائی اور عوامی یونیورسٹی بنانے میں مدد کرنا۔

2.2 اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کی نمایاں خصوصیات

1۔دنیا بھر کی مختلف ثقافتیں،قومی ریاستوں کی تشکیل، روایات کی تاریخ کے علاوہ سرٹیفکٹ، ڈپلومہ، ڈگری، ماسٹر ڈگری اور پی ایچ ڈی کورسز شامل ہیں۔

2۔آزادی، مساوات، بھائی چارے، انسانی حقوق وغیرہ کی اقدار کے ساتھ ساتھ عالمی فلاحی تنظیموں کے کام جیسے ماحولیاتی تحریکیں، انسانی ترقی کا اشاریہ، پائیدار ترقی کے اہداف وغیرہ۔

3۔خواتین کو بااختیار بنانا، پسماندہ افراد کی شناخت کی جدوجہد، زبانوں، مذاہب، خطوں کے تنوع میں اتحاد کے لیے بنائے گئے ماڈل خیالات کو شامل کرنا۔

4۔کورسز میں عالمگیریت اور مقامی ترقی کے انضمام جیسے مواد کے مختلف تصورات کو شامل کرنا۔

5۔لائبریری اور انفارمیشن سائنس، جرنلزم اور ماس کمیونیکیشن، گاندھیائی فلسفہ، انسانی حقوق، صارفین کے تحفظ جیسے خصوصی مضامین پر علاحدہ کورسز۔

6۔نظریہ اور عمل کو یکجا کرنے والے اپلائیڈ کورسز۔

7۔غیر روایتی کورسز جو فرد کی تخلیقی صلاحیتوں اور تخیل کو وسعت دیتے ہیں۔

8۔ایسے کورسز جو شخصیت کی نشوونما اور پیشہ ورانہ کامیابی کے لیے تکمیلی مہارتوں کی گنجائش فراہم کرتے ہیں۔

9۔خود آموزی کے لیے جدید مہارتیں پیدا کرنا۔

10۔بنیادی کورسز میں مختلف تصورات کی وضاحت پر زور دینا۔

11۔خود آموزی کے لیے نصابی کتب، تفویضات، فیلڈ ورک، پروجیکٹ اسٹڈی، ویب اور اکیڈمک سپورٹ کے ذریعے طلبا کی رہنمائی کرنا۔

12۔طلبا کو ان کی دلچسپی کے مطابق مضامین کے انتخاب میں آزادی دینا۔

03۔مطالعہ کے طریقۂ کار

تعلیم کا خواہش مند ہر امیدوار اپنے مستقبل کے حصول کے لیے کالج یا یونیورسٹی جا کر تعلیم حاصل کرنے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ فاصلاتی نظام تعلیم ہی وہ واحد ذریعہ ہے جو امیدوار کو اپنے روزمرہ اور پیشہ ورانہ کام کے ساتھ اپنی تعلیمی لیاقت میں اضافہ کرنے کے مواقع فراہم کراتا ہے۔ علاوہ ازیں سماج کے پسماندہ طبقات اور تعلیم سے محروم افراد کو گھر بیٹھے تعلیم حاصل کرنے کی سہولیات کے لیے یونیورسٹی نے ایم۔اے کے نصاب کو روایتی طرز پر جوڑنے کی کوشش کی گئیہے۔

اس طریقۂ تعلیم میں نہ صرف طلبا کو نصابی تعلیم دی جاتی ہے بلکہ داخلہ فیس میں ہی نصابی کتب کا سیٹ بھی دیا جاتا ہے۔ یہ خود آموزی کی کتابیں دیگر نصابی کتابوں سے مختلف ہیں۔ ان کتابوں میں مضمون کو چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مختلف تصاویر اور گراف کے ذریعے مضامین کو آسانی سے سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ طلبا کو سمجھنے اور ذہن نشیں کرنے میں دشواری نہ ہو۔ کتاب کے ہر صفحہ کے دونوں جانب حاشیہ چھوڑا گیا ہے تاکہ طلبا دوران مطالعہ اہم نکات یا نوٹس تحریر کرسکیں۔ سبق کے اختتام پر سوالات دیے گئے ہیں تاکہ سبق کا مطالعہ کرتے وقت ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے کے بعد طلبا خود اپنی معلومات کی جانچ کرسکیں۔

طالب علم اپنی سہولت کے مطابق اسٹڈی سینٹر (LSC) کا انتخاب کرسکتا ہے۔ اسٹڈی سینٹر پر طلبا کی مشاورتی کلاسز عام طور پر چھٹی کے دنوں میں منعقد کی جاتی ہیں۔ ہر مضمون کے ماہر اساتذہ کے ذریعہ طلبا کی رہنمائی کی جاتی ہے۔ مشاورتی کلاسز میں صرف لیکچرز نہیں ہوتے بلکہ طلبا اپنے تعلیمی مسائل اور مشکل مضامین پر تبادلۂ خیال بھی کرسکتے ہیں۔ داخلی تعین قدر کے ذریعے طلبا کی تعلیمی ترقی کی جانچ بھی ہوتی ہے۔ اس لیے اسٹڈی سینٹر (LSC) کی مشاورتی کلاسز میں حاضری ضروری ہوتی ہے۔

طلبا اپنی روزمرہ اور پیشہ ورانہ مصروفیات کے باوجود پڑھائی کے مندرجہ بالا طریقۂ کار کا فائدہ اٹھا کر تعلیمی میدان میں چھٹیوں کا منصوبہ بند طریقے سے استعمال کرسکتے ہیں۔ تمام نصابی کتب یونیورسٹی کی ویب سائٹ ycmou.digitaluniversity.ac پر موجود ہیں۔

طلبا کو چاہیے کہ وہ مندرجہ بالا تمام مطالعاتی سہولیات کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں اور اپنا مطالعہ کا طریقہ خود تیار کریں۔ مطالعہ کے لیے جو وقت آپ کے پاس ہے اس پر غور کریں اور اس وقت کو منصوبہ بند طریقے سے استعمال کریں۔ صرف ریڈنگ کے ذریعے کیا جانے والا مطالعہ حقیقی مطالعہ نہیں ہے بلکہ اس موضوع کا واضح اور فہم ہونا اور اسے صحیح جگہ پر استعمال کرنے کے قابل ہونا ہی اچھے مطالعہ کا حاصل ہے۔

3.1 کریڈٹس

فاصلاتی نظام تعلیم میں، مطالعہ کے اوقات کو 'کریڈٹ' کے لحاظ سے ناپا جاتا ہے۔ تقریباً 30 سے 35 گھنٹے کے مطالعے کو 1 کریڈٹ کے برابر تصور کیا جاتا ہے۔ طلبا کو عام طور پر ایک کریڈٹ کے مطالعہ کرنے کے لیے 30 سے 35 گھنٹے کا وقت درکار ہوتا ہے۔ ان مطالعاتی اوقات میں نصابی کتابیں پڑھنا، نوٹ لینا، عکاسی کرنا، کورس سے متعلق آڈیو ویژول ٹیپ دیکھنا، انٹرنیٹ پر متن پڑھنا، مشاورتی کلاسز میں رہنمائی لینا، بحث کرنا، سوال و جواب لکھنا وغیرہ شامل ہیں۔ قومی تعلیمی پالیسی، 2020 کے مطابق، طلبا سے ماسٹر ڈگری (ایم اے) کا امتحان کامیابی سے پاس کرنے کے لیے جملہ کورسز کے 88 کریڈٹس مکمل کرنے ہوں گے۔

3.2 مطالعاتی مواد

قومی تعلیمی پالیسی، 2020 کے مطابق، پوسٹ گریجویٹ کورس کے لیے مطالعے کا مواد ہندوستان کے ماہرین کی شرکت سے تیار کیا گیا ہے۔ طلبا کو چاہیے کہ وہ http://ycmou.digitaluniversity.ac اور www.ycmou.ac.in پر پی۔ڈی ایف PDF کتابوں کا مطالعہ کریں جب تک وہ اسٹڈی سینٹر میں یونیورسٹی سے چھپی ہوئی کتابیں حاصل نہیں کر لیتے۔

☆ **سمعی و بصری مواد**

یونیورسٹی نے مختلف مضامین کے ماہرین کے ذریعہ آڈیو ویژول ٹیپ (ویڈیوز) تیار کی ہیں۔ تمام ویڈیوز ویب سائٹ https://avc.ycmou.ac.in/self_learning_material/video پر دستیاب ہیں، آپ اسے استعمال کریں۔

04۔ پروگرام کے بارے میں

اسکول برائے انسانی و سماجی علوم نے اپنی ڈگری کی تعلیم مکمل کرنے والے طلباء کو اعلیٰ تعلیم کے مزید مواقع فراہم کرنے کے لیے مختلف پوسٹ گریجویٹ ڈگری پروگرام تیار کیے ہیں۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے مطابق اردو زبان و ادب میں ماسٹر ڈگری پروگرام شروع کر دیا گیا ہے۔

نصاب کو وقت کے مطابق روزگار کے مواقع کو مدنظر رکھتے ہوئے طلبا کو مختلف مہارتیں حاصل کرنے کے مقصد سے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ نظریہ اور اطلاق کے لحاظ سے یہ کورس طلبا کے لیے ان کی مستقبل کی زندگی میں مفید اور کارآمد ثابت ہوگا۔ دنیا بھر کی تقریباً تمام یونیورسٹیوں میں اردو کو ایک الگ مضمون کے طور پر پڑھایا جاتا ہے۔

اردو ہمارے ملک کی ایک بڑی رابطے کی زبان ہے۔ ریاست مہاراشٹر میں اس زبان کے بولنے، سمجھنے اور پڑھنے والوں کی کثیر تعداد رہتی ہے۔ اردو کی اسی آبادی کو مرکز نگاہ میں رکھ کر یونیورسٹی نے بی۔اے اردو فاصلاتی نظام کے تحت گزشتہ کئی برسوں سے ریاست کے طول و عرض کی اردو آبادی کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ عالمگیریت کے اس دور میں اردو زبان تبدیلیوں سے گزر رہی ہے۔ حکومتی امور کے علاوہ زندگی کے دیگر شعبۂ جات میں اردو زبان کی شمولیت ناگزیر ہے۔ نیز مختلف مسابقتی امتحانات میں اردو زبان کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے مطابق یونیورسٹی کے ایم۔اے کے نصاب میں اردو زبان و ادب کو خصوصی طور پر شامل کیا گیا ہے۔

4.1 نصاب کی ساخت

قومی تعلیمی پالیسی، 2020 کے مطابق ایم۔اے اردو زبان و ادب کا پروگرام (M48) درج ذیل ہے:

Year	Semester	Courses		Credits
		Mandatory	Electivea	
I Year	I Semester	05	01	22
I Year	II Semester	05	01	22
II Year	III Semester	05	01	22
II Year	IV Semester	04	01	22
Total		**23**		**88**

4.2 پروگرام کے مقاصد اور نتائج

☆ **پروگرام کے مقاصد**

1۔اردو مضمون کے مختلف شعبوں میں مناسب مہارت حاصل کرنا۔

2۔اردو کی اعلیٰ تعلیم میں بہتر امکانات کی تلاش اور اس کی بنیاد پر انہیں استاد اور محقق کے طور پر مفید کردار ادا کرنے کے قابل بنانا۔

3۔اردو زبان کی ادبی روایت سے آگاہ کرنا۔

4۔طلبا کے دلوں میں انسانی حساسیت، انسانی ضمیر اور اقدار پیدا کرنا۔

5۔ترکیب سازی اور تجزیہ کرنے میں مہارت کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا

6۔تنقیدی استدلال اور تجزیاتی مہارتوں کو تیار کرنا

7۔مختلف ادبی تصورات کو معروضی طور پر سوچنے اور کھلے ذہن کے ساتھ مسائل اور حالات کا سامنا کرنا۔

☆ **پروگرام کے نتائج**

1۔اردو مضمون کے مختلف شعبوں میں اپنی مختلف مہارتوں کو پیش کر سکیں گے۔

2۔اردو کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے بعد میں ایک اچھے استاد اور محقق کے طور پر اپنی خدمات انجام دے سکیں گے۔

3۔اردو زبان کی ادبی روایت سے خاطر خواہ واقف ہو جائیں گے۔

4۔انسانی جذبات واحساسات نیز انسانی قدروں سے واقف ہو سکیں گے۔

5۔ترکیب سازی اور تجزیہ کرنے میں اپنی مہارت کا مظاہرہ کر سکیں گے۔

6۔تنقیدی استدلال اور تجزیاتی مہارتوں کو فروغ دے سکیں گے۔

7۔مختلف ادبی تصورات کو معروضی طور پر سوچنے اور کھلے ذہن کے ساتھ مسائل اور حالات کا سامنا کر سکیں گے۔

05۔پروگرام کی ساخت

قومی تعلیمی پالیسی، 2020 کے مطابق، ماسٹر آف آرٹس (ایم۔اے اردو) (M.A.Urdu)، (M48) پروگرام 88 کریڈٹ پر مشتمل ہے۔ یہ پروگرام سیشن موڈ میں چلایا جائے گا اور اس میں 19 لازمی اور 04 اختیاری کورسز ہوں گے۔ اس میں تحقیق پر مبنی کورسز جیسے تحقیق کے طریقے، فیلڈ پروجیکٹ، ریسرچ پروجیکٹس بھی شامل ہیں۔

ایم۔اے اردو (M48) میں ماسٹر ڈگری پروگرام کے پہلے سال میں کامیابی سے 44 کریڈٹ مکمل کرنے والے طلبا کو اردو مضمون میں ماسٹر ڈگری (Exit Option) سے نوازا جائے گا۔ جب کہ دو سال میں 88 کریڈٹس کا کورس کامیاب کرنے والے طلبا کو ماسٹر ڈگری سے نوازا جائے گا۔

5.1 ایم۔اے سال اول

5.1.1 اہلیت کا معیار (Eligibilty Criterion)

ایم۔اے اردو پروگرام کے سال اول داخلے کے لیے درج ذیل اہلیت کو پورا کرنا لازمی ہے۔

(Fulfilling the following Eligibility Criterion for enrolling into the FirstYear of M.A. Urdu Degree Program is essential.)

ایم۔اے۔اردو پروگرام کے سال اول میں داخلے کے لیے کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے کسی بھی مضمون میں ڈگری کا امتحان پاس کیا ہو۔

(Any Undergraduate Degree Program from any recognised University.)

5.1.2 کورس کا دورانیہ

ڈگریوں کی تفصیلات کے UGC نوٹیفکیشن، 2014 اور UGC (Programmes OLPrograms & ODL) ریگولیشن، 2020 کے مطابق **اگرچہ ماسٹر ڈگری (M.A.) کورس دو سال کا ہے لیکن اسے چار سال تک مکمل کرنے کی اجازت ہے۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے اس قواعد کے مطابق رجسٹریشن کی مدت ختم ہونے کے بعد دوبارہ رجسٹریشن ممکن نہیں ہے۔ ایسے طلبا کو متعلقہ کورس میں دوبارہ داخلہ لینا ہوگا۔**

فاصلاتی نظام تعلیم میں مطالعہ کی مدت کے حوالے سے لچکدار پالیسی رکھی گئی ہے کیونکہ طلبا اپنے روزمرہ اور پیشہ وارانہ زندگی میں مصروفیات کے باوجود تعلیم حاصل کرتے ہیں لہٰذا اگر کسی وجوہات کی بنا پر پڑھائی مکمل نہیں ہوئی ہے تو سال کے آخر کا امتحان ایک ہی وقت میں دینا لازمی نہیں ہے۔ چونکہ امتحان کا موقع سال میں دو بار دستیاب ہوتا ہے، اس لیے طالب علم اپنے مناسب وقت پر امتحان دے سکتا ہے۔ اگر آپ سال اول کے تمام کورسز میں ناکام ہو جاتے ہیں تو آپ کو دوسرے سال میں داخلہ دیا جائے گا۔ لیکن یونیورسٹی کے قوانین کے مطابق آپ سال اول کے لیے امتحانی درخواست فارم بھر کر امتحان دے سکتے ہیں۔

5.1.3 ذریعۂ تعلیم

ایم۔اے اردو پروگرام کے تمام کورسز کی نصابی کتابیں، مشاورتی کلاسز میں رہنمائی، تفویضات، کلاس ٹیسٹ اور فائنل امتحان کے سوالیہ پرچے صرف اردو زبان میں رہیں گے۔

5.1.4 ایم۔اے سال اول کورس فیس

نمبر شمار	فیس کی تفصیلات	روپے
01	پراسپکٹس فیس (Prospectus Fees)	50.00
02	تعلیمی فیس (Tution Fees)	3,298.00
03	اہلیتی فیس (Eligibility Fees)	100.00
04	رجسٹریشن فیس (Registration Fees)	200.00
05	شناختی کارڈ فیس (Identity Card Fees)	10.00
06	ای۔سودھا فیس (E-Suvidha Fee)	60.00
07	لائبریری (Library Fees)	10.00
08	ڈی۔ایس۔ڈبلیو فیس (DSW Fee)	50.00
09	چانسلر آفس پروگرام فیس (Chancellor's office Event Fees)	38.00
10	کھیل کود فیس (Sports Fee)	50.00
11	سنواد میگزین (Sanwad Magazine Fees)	10.00

12	اسٹوڈنٹ انشورنس فیس (Student Insurane Fees)	20.00
13	نیشنل سروس اسکیم فیس (National Service Scheme Fees)	10.00
14	ڈیزاسٹر مینجمنٹ فیس (Disaster Management Fee)	10.00
15	اسٹڈی سینٹر فیس (LSC Fees)	2,000.00
16	امتحانی فیس (Exam Fees)	2,530.00
Total (Eight Thousand Four Hundred Forty Six Rupees Only)		**8,446.00**

☆ کورس فیس کے متعلق ہدایات

درخواست دہندہ کے لیے لازمی ہے کہ وہ اس کورس کی داخلہ فیس ادا کرے جس میں وہ داخلہ لے رہا ہے جیسا کہ پراسپکٹس میں بتایا گیا ہے۔ اس فیس میں اسٹوڈنٹ اسٹڈی سینٹر (LSC) کی فیس شامل ہے۔ اس لیے اسٹوڈنٹ اسٹڈی سینٹر (LSC) میں کوئی علیحدہ/ اضافی فیس ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ فیس ادائیگی کی ہدایات کے مطابق درخواست فارم کے بعد دیے گئے لنک سے آن لائن ادائیگی کے لیے گیٹ وے کا استعمال کرتے ہوئے کریڈٹ/ ڈیبٹ کارڈ/ یو پی آئی/ نیٹ بینکنگ کے ذریعے فیس کی ادائیگی کی جانی ہے۔ دیے گئے لنک کے علاوہ کسی دوسری لنک پر ادا کی گئی فیس پر غور نہیں کیا جائے گا۔ اس لیے اس کی تمام تر ذمہ داری درخواست گزار کی رہے گی۔

آپ کو آن لائن داخلہ کے طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے اپنے داخلے کی تصدیق کرنی ہوگی اور دیے گئے موبائل نمبر پر اپنے داخلے کا انتظار کرنا ہوگا اور ساتھ ہی مستقل رجسٹریشن نمبر کا پیغام جو آپ کے داخلے کے بعد آئے گا۔ یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ کے داخلے کی تصدیق ہوئی ہے یا نہیں، آپ کو اپنے منتخب کردہ اسٹڈی سینٹر (LSC) کے رابطے میں رہنا چاہیے۔

5.1.5 ایم۔اے سال اول کے کورسز کی تفصیلات

ایم۔اے اردو کے نصاب میں شامل پہلے سال کے لازمی اور اختیاری کورسز کے عنوانات اور کورس کوڈ ذیل کے جدول میں دیا گیا ہے۔ ساتھ میں نصابی کتب کی فہرست بھی دی گئی ہے۔

☆ پہلا سمیسٹر

کورسز کی ساخت	لازمی/اختیاری	کورس کوڈ	کورس کا عنوان	کریڈٹ
لازمی کورسز	لازمی۔1	MUR501	تاریخ اردو زبان وادب	04
	لازمی۔2	MUR502	اردو غزل	04
	لازمی۔3	MUR503	اردو مثنوی	04
	لازمی۔4	MUR504	ڈراما: فن تعارف اور روایت	02
اختیاری کورس (کوئی ایک)	اختیاری۔1	MUR505	اردو مرثیہ	04
	اختیاری۔2	MUR506	فلم اور عوامی ادب	
تحقیق کے طریقۂ کار (RM)	لازمی	MUR599	تحقیق کے طریقۂ کار	04
جملہ				22

☆ دوسرا سمیسٹر

کورسز کی ساخت	لازمی/اختیاری	کورس کوڈ	کورس کا عنوان	کریڈٹ
لازمی کورسز	لازمی۔1	MUR508	اردو نظم	04
	لازمی۔2	MUR509	افسانوی ادب	04
	لازمی۔3	MUR510	اردو قصیدہ	04
	لازمی۔4	MUR511	اردو کے اہم ڈراما نگار اور اہم ڈرامے	02
اختیاری کورس (کوئی ایک)	اختیاری۔1	MUR512	طنز و مزاح	04
	اختیاری۔2	MUR513	تحریکات اور رجحانات	
فیلڈ پروجیکٹ (FP)	لازمی	MUR514	فیلڈ پروجیکٹ (FP)	04
جملہ				22

سال اول کے کورسز اور نصابی کتب کی تفصیلات

☆ پہلا سمیسٹر

First Semester

S. N.	Course Title and Books Name	Course Code	Nature	Credit Point
01	**تاریخ اردو زبان و ادب** کتاب اول : اردو زبان کا آغاز و ارتقا کتاب دوم : اردو لسانیات کتاب سوم : اردو ادب دکن میں کتاب چہارم : اردو ادب شمالی ہند میں	MUR501	Mandatory لازمی	04
02	**اردو غزل** کتاب اول : غزل: فن اور تعارف کتاب دوم : غزل کا ابتدائی دور کتاب سوم : غزل کا قدیم دور کتاب چہارم : غزل کا جدید دور	MUR502	Mandatory لازمی	04
03	**اردو مثنوی** کتاب اول : مثنوی: فن اور تعارف کتاب دوم : دکن میں اردو مثنوی کی روایت کتاب سوم : شمالی ہند میں اردو مثنوی کی روایت کتاب چہارم : اردو کی اہم مثنویاں	MUR503	Mandatory لازمی	04
04	**ڈراما : فن تعارف اور روایت** کتاب اول : ڈراما: فن اور تعارف کتاب دوم : اردو ڈرامے کی روایت	MUR504	Mandatory لازمی	02

05	**اردو مرثیہ** کتاب اول : مرثیہ : فن اور تعارف کتاب دوم : اردو مرثیے کی روایت کتاب سوم : اردو کے اہم مرثیہ نگار کتاب چہارم : اردو کے اہم مرثیے یا **فلم اور عوامی ادب** کتاب اول : فلم کا مطالعہ کتاب دوم : اسکرپٹ سے اسکرین تک کتاب سوم : فلم، ادب اور سماج کتاب چہارم : عوامی ادب کی روایت (نوٹ: 505 اور 506 میں کوئی ایک کورس کا انتخاب کریں)	MUR505 MUR506	Eletives اختیاری	04
06	**تحقیق کے طریقۂ کار** کتاب اول : تحقیق: فن اور روایت کتاب دوم : اردو تحقیق کا آغاز وارتقا کتاب سوم : اردو کے اہم محققین کتاب چہارم : مہاراشٹر میں اردو تحقیق	MUR599	Mandatory لازمی	04
				22

☆ دوسرا سمیسٹر

Second Semester

S. N.	Course Title and Books Name	Course Code	Nature	Credit Point
01	**اردو نظم** کتاب اول : نظم کا فن کتاب دوم : اردو نظم کا آغاز وارتقا کتاب سوم : اردو کے اہم نظم نگار کتاب چہارم : اردو کی اہم نظمیں	MUR508	**Mandatory** **لازمی**	04
02	**افسانوی ادب** کتاب اول : افسانوی ادب : فن اور روایت کتاب دوم : اردو داستان کتاب سوم : اردو ناول کتاب چہارم : اردو افسانہ	MUR509	**Mandatory** **لازمی**	04

03	**اردو قصیدہ** کتاب اول : قصیدے کا فن اور تعارف کتاب دوم : اردو قصیدہ دکن میں کتاب سوم : اردو قصیدہ شمالی ہند میں کتاب چہارم : اردو کے اہم قصیدے	MUR510	Mandatory لازمی	04
04	**اردو کے اہم ڈراما نگار اور اہم ڈرامے** کتاب اول : اردو کے اہم ڈراما نگار کتاب دوم : اردو کے اہم ڈرامے	MUR511	Mandatory لازمی	02
05	**طنز و مزاح** کتاب اول : طنز و مزاح :تعارف اور روایت کتاب دوم : اردو شاعری میں طنز و مزاح کتاب سوم : اردو نثر میں طنز و مزاح کتاب چہارم : اردو کے اہم طنزیہ و مزاحیہ متون یا **تحریکات و رجحانات** کتاب اول : تحریک اور رجحان کا تعارف کتاب دوم : علی گڑھ تحریک کتاب سوم : ترقی پسند تحریک کتاب چہارم : حلقۂ ارباب ذوق اور جدیدیت (نوٹ:512اور513 میں کوئی ایک کورس کا انتخاب کریں)	MUR512 MUR513	Eletives اختیاری	04
06	فیلڈ ورک / پروجیکٹ	MUR514	Mandatory لازمی	04
	نوٹ: فیلڈ پروجیکٹ کے رہنما خطوط، فیلڈ پروجیکٹ کا خاکہ اور نمونہ مضمون کی فہرست یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر متعلقہ کورس کے اسٹڈی میٹریل فولڈر میں دستیاب ہے۔ اسے ذیل میں دی گئی لنک پر دیکھا جا سکتا ہے۔ https://ycmou.digitaluniversity.ac/Content.aspx?ID=890			**22**

☆☆☆

5.2 ایم۔اے سال دوم (M.A. Urdu II Year)

5.2.1 اہلیت کا معیار (Eligibilty Criterion)

ایم۔اے اردو پروگرام کے سال دوم میں داخلے کے لیے درج ذیل اہلیت کو پورا کرنا ضروری ہے۔

((Fulfilling the following Eligibility Criterion for enrolling into the Second Year of M.A. Urdu Degree Program is essential.)

☆ قومی تعلیمی پالیسی، 2020 کے مطابق یشونت راؤ چوان مہاراشٹرا اوپن یونیورسٹی میں ایم۔اے اردو کے پہلے سال میں داخلہ لینے والے تمام طلبا۔

(All such students who had enrolled into the First Year of M.A. in Urdu Degree as per National Education Policy (NEP), 2020 in Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University.)

5.2.2 کورس کا دورانیہ

ڈگریوں کی تفصیلات کے UGC نوٹیفکیشن، 2014 اور UGC (Programmes OL Programs & ODL) ریگولیشن، 2020 کے مطابق اگرچہ ماسٹر ڈگری (M.A.) کورس دو سال کا ہے لیکن اسے چار سال تک مکمل کرنے کی اجازت ہے۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے اس قواعد کے مطابق رجسٹریشن کی مدت ختم ہونے کے بعد دوبارہ رجسٹریشن ممکن نہیں ہے۔ ایسے طلبا کو متعلقہ کورس میں دوبارہ داخلہ لینا ہوگا۔

فاصلاتی نظام تعلیم میں مطالعہ کی مدت کے حوالے سے لچکدار پالیسی رکھی گئی ہے کیونکہ طلبا اپنے روزمرہ اور پیشہ وارانہ زندگی میں مصروفیات کے باوجود تعلیم حاصل کرتے ہیں لہٰذا اگر کسی وجوہات کے بنا پر پڑھائی مکمل نہیں ہوئی ہے تو سال کے آخر کا امتحان ایک ہی وقت میں دینا لازمی نہیں ہے۔ چونکہ امتحان کا موقع سال میں دو بار دستیاب ہوتا ہے، اس لیے طالب علم اپنے مناسب وقت پر امتحان دے سکتا ہے۔ اگر آپ سال اول کے تمام کورسز میں ناکام ہو جاتے ہیں تو آپ کو دوسرے سال میں داخلہ دیا جائے گا۔ لیکن یونیورسٹی کے قوانین کے مطابق آپ سال اول کے لیے امتحانی درخواست فارم بھر کر امتحان دے سکتے ہیں۔

5.2.3 ذریعۂ تعلیم

ایم۔اے اردو پروگرام کے تمام کورسز کی نصابی کتابیں، مشاورتی کلاسز میں رہنمائی، تفویضات، کلاس ٹیسٹ اور فائنل امتحان کے سوالیہ پرچے صرف اردو زبان میں ہی رہیں گے۔

5.2.4 ایم۔اے سال دوم کورس فیس

نمبر شمار	فیس کی تفصیلات	روپے
01	پراسپکٹس فیس (Prospectus Fees)	50.00
02	تعلیمی فیس (Tution Fees)	3,040.00
03	رجسٹریشن فیس (Registration Fees)	200.00
04	ای۔سودھا فیس (E-Suvidha Fee)	60.00
05	لائبریری (Library Fees)	10.00
06	ڈی۔ایس۔ڈبلیو فیس (DSW Fee)	50.00
07	چانسلر آفس پروگرام فیس (Chancellor's office Event Fees)	38.00
08	کھیل کود فیس (Sports Fee)	50.00
09	سنواد میگزین (Sanwad Magazine Fees)	10.00
10	اسٹوڈنٹ انشورنس فیس (Student Insurane Fees)	20.00
11	نیشنل سروس اسکیم فیس (National Service Scheme Fees)	10.00
12	ڈیزاسٹر مینجمنٹ فیس (Disaster Management Fee)	10.00
13	اسٹڈی سینٹر فیس (LSC Fees)	2,000.00
14	امتحانی فیس (Exam Fees)	2,460.00
15	کنووکیشن فیس (Convocation Fees)	450.00
16	سابق طلبا اسوسی ایشن فیس (Alumni Association Fee)	10.00
Total (Eight Thousand Four Hundred Fifty Eight Rupees Only)		**8,468.00**

☆ **کورس فیس کے متعلق ہدایات**

درخواست دہندہ کے لیے لازمی ہے کہ وہ اس کورس کی داخلہ فیس ادا کرے جس میں وہ داخلہ لے رہا ہے جیسا کہ پراسپکٹس میں بتایا گیا ہے۔ اس فیس میں اسٹڈی سینٹر (LSC) کی فیس شامل ہے۔اس لیے اسٹڈی سنٹر (LSC) میں کوئی علیحدہ/ اضافی فیس ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔فیس ادائیگی کی ہدایات کے مطابق درخواست فارم کے بعد دیے گئے لنک سے آن لائن ادائیگی کے لیے گیٹ وے کا استعمال کرتے ہوئے کریڈٹ/ ڈیبٹ کارڈ/ یو پی آئی/ نیٹ بینکنگ کے ذریعے فیس کی ادائیگی کی جانی ہے۔دیے گئے لنک کے علاوہ کسی دوسری لنک پر ادا کی گئی فیس پر غور نہیں کیا جائے گا۔اس لیے اس کی تمام تر ذمہ داری درخواست گزار کی رہے گی۔طالب علم کو آن لائن داخلے پر عمل کرتے ہوئے اپنے داخلے کی تصدیق کرنی ہوگی اور دیے گئے موبائل نمبر کے ساتھ ساتھ مستقل رجسٹریشن نمبر کے پیغام پر اپنے داخلے کا انتظار کرنا ہوگا جو آپ کے داخلے کے بعد آئے گا۔یہ جاننے کے لیے کہ آپ کے داخلے کی تصدیق ہوئی ہے یا نہیں، آپ کو اپنے منتخب کردہ اسٹڈی سینٹر (LSC) کے رابطے میں رہیں۔

5.2.5 ایم۔اے سال دوم کے کورسز کی تفصیلات

ایم۔اے اردو کے نصاب میں شامل دوسرے سال کے لازمی اور اختیاری کورسز کے عنوانات اور کورس کوڈ ذیل کے جدول میں دیا گیا ہے۔ ساتھ میں نصابی کتب کی فہرست بھی دی گئی ہے۔

☆ **تیسرا سمیسٹر**

کورسز کی ساخت	لازمی/اختیاری	کورس کوڈ	کورس کا عنوان	کریڈٹ
لازمی کورسز	لازمی۔1	MUR601	غیر افسانوی نثر	04
	لازمی۔2	MUR602	ذرائع ابلاغ اور ترجمہ نگاری	04
	لازمی۔3	MUR603	اردو تنقید	04
	لازمی۔4	MUR604	کلاسیکی ادب	02
اختیاری کورس (کوئی ایک)	اختیاری۔1	MUR605	قرۃ العین حیدر اور عصمت چغتائی کا خصوصی مطالعہ	04
	اختیاری۔2	MUR606	الطاف حسین حالی اور شبلی نعمانی کا خصوصی مطالعہ	
ریسرچ پروجیکٹ (RP)	لازمی	MUR600	ریسرچ پروجیکٹ (RP)	04
جملہ				**22**

☆ **چوتھا سمیسٹر**

کورسز کی ساخت	لازمی/اختیاری	کورس کوڈ	کورس کا عنوان	کریڈٹ
لازمی کورسز	لازمی۔1	MUR607	اردو شاعری کا جدید دور	04
	لازمی۔2	MUR608	خصوصی مطالعہ	04
	لازمی۔3	MUR609	مہاراشٹر میں اردو ادب	04
اختیاری کورس (کوئی ایک)	اختیاری۔1	MUR610	سرسید احمد خاں اور اکبر الہ آبادی کا خصوصی مطالعہ	04
	اختیاری۔2	MUR611	اردو ادب میں خواتین کی خدمات	
ریسرچ پروجیکٹ (RP)	لازمی	MUR699	ریسرچ پروجیکٹ (RP)	06
جملہ				**22**

سال دوم کے کورسز اور نصابی کتب کی تفصیلات

☆ تیسرا سمیسٹر — Third Semester

S. N.	Course Title and Books Name	Course Code	Nature	Credit Point
01	**غیر افسانوی نثر** کتاب اول : سوانح اور خودنوشت سوانح کتاب دوم :سفرنامہ اور مکاتیب کتاب سوم : خاکہ اور انشائیہ کتاب چہارم :روزنامچہ اور رپورتاژ	MUR601	Mandatory لازمی	04
02	**ذرائع ابلاغ اور ترجمہ نگاری** کتاب اول : ذرائع ابلاغ :تعارف اور روایت کتاب دوم : پرنٹ میڈیا کتاب سوم : الکٹرانک میڈیا کتاب چہارم : ترجمہ نگاری	MUR602	Mandatory لازمی	04
03	**اردو تنقید** کتاب اول : ابتدائی اردو تنقید کتاب دوم : تنقیدی نظریات کتاب سوم : اردو کے اہم ناقدین کتاب چہارم : مہاراشٹر میں اردو تنقید	MUR603	Mandatory لازمی	04
04	**کلاسیکی ادب** کتاب اول : اردو میں کلاسیکی ادب کتاب دوم : اردو کے اہم کلاسیکی متن	MUR604	Mandatory لازمی	02
05	**قرۃ العین حیدر اور عصمت چغتائی کا خصوصی مطالعہ** کتاب اول : قرۃ العین حیدر: سوانح، شخصیت اور عہد کتاب دوم : قرۃ العین حیدر کی علمی و ادبی خدمات کتاب سوم : عصمت چغتائی: سوانح، شخصیت اور عہد کتاب چہارم :عصمت چغتائی کی علمی و ادبی خدمات یا **الطاف حسین حالی اور شبلی نعمانی کا خصوصی مطالعہ** کتاب اول : الطاف حسین حالی سوانح، شخصیت اور عہد کتاب دوم : الطاف حسین حالی کی علمی و ادبی خدمات کتاب سوم : شبلی نعمانی :سوانح، شخصیت اور عہد کتاب چہارم :شبلی نعمانی کی علمی و ادبی خدمات (نوٹ:605 اور 606 میں کوئی ایک کورس کا انتخاب کریں)	MUR605 MUR606	Electives اختیاری	04
06	ریسرچ پروجیکٹ	MUR600	Mandatory لازمی	04
	(نوٹ: ریسرچ پروجیکٹ کے رہنما خطوط، ریسرچ پروجیکٹ کا خاکہ اور نمونہ مضمون کی فہرست یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر متعلقہ کورس کے اسٹڈی میٹریل فولڈر میں دستیاب ہے۔ اسے ذیل میں دی گئی لنک پر دیکھا جا سکتا ہے۔ https://ycmou.digitaluniversity.ac/Content.aspx?ID=890			**22**

☆ چوتھا سمیسٹر

Fourth Semester

S. N.	Course Title and Books Name	Course Code	Nature	Credit Point
01	**اردو شاعری کا جدید دور** کتاب اول : ترقی پسند تحریک اور اردو غزل کتاب دوم :ترقی پسند تحریک اور اردو نظم کتاب سوم : جدیدیت اور اردو غزل کتاب چہارم : جدیدیت اور اردو نظم	MUR607	Mandatory لازمی	04
02	**خصوصی مطالعہ** کتاب اول : میر تقی میر کتاب دوم : مرزا غالب کتاب سوم : مولانا ابوالکلام آزاد کتاب چہارم : شمس الرحمٰن فاروقی	MUR608	Mandatory لازمی	04
03	**مہاراشٹر میں اردو ادب** کتاب اول : مہاراشٹر میں اردو غزل کتاب دوم : مہاراشٹر میں اردو نظم کتاب سوم : مہاراشٹر میں اردو ناول کتاب چہارم : مہاراشٹر میں اردو افسانہ	MUR609	Mandatory لازمی	04
04	**سرسید احمد خاں اور اکبرالہ آبادی کا خصوصی مطالعہ** کتاب اول : سرسید احمد خاں: سوانح، شخصیت اور عہد کتاب دوم : سرسید احمد خاں کی علمی و ادبی خدمات کتاب سوم : اکبرالہ آبادی :سوانح، شخصیت اور عہد کتاب چہارم :اکبرالہ آبادی کی علمی و ادبی خدمات یا **اردو ادب میں خواتین کی خدمات** کتاب اول : تانیثیت :تصور، تاریخ اور روایت کتاب دوم : اردو شاعرات کتاب سوم : خواتین فکشن نگار کتاب چہارم :تحقیق و تنقید میں خواتین کی خدمات (نوٹ:610 اور 611 میں کوئی ایک کورس کا انتخاب کریں)	MUR610 MUR611	Electives اختیاری	04
05	**ریسرچ پروجیکٹ**	MUR699	Mandatory لازمی	06
	(نوٹ: ریسرچ پروجیکٹ کے رہنما خطوط، ریسرچ پروجیکٹ کا خاکہ اور نمونہ مضمون کی فہرست یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر متعلقہ کورس کے اسٹڈی میٹریل فولڈر میں دستیاب ہے۔اسے ذیل میں دی گئی لنک پر دیکھا جا سکتا ہے۔ https://ycmou.digitaluniversity.ac/Content.aspx?ID=890			**22**

☆☆

06۔تعین قدر کا طریقۂ کار

طلبا کے تعین قدر کا طریقۂ کار دو سطحوں پر کیا جائے گا۔ (سمسٹر: تحریری امتحان) اور داخلی تعین قدر (تفویضات)۔کورس کی مارکنگ کا فارمیٹ بالترتیب 70 اور 30 کے تناسب میں ہوگا۔ پہلے سال کے فیلڈ پروجیکٹ اور دوسرے سال کے ریسرچ پروجیکٹ کے کورسز کی جانچ دو سطحوں پر کی جائے گی یعنی داخلی تعین قدر (رپورٹ کی پیشکش) اور حتمی تعین قدر (زبانی امتحان)۔ان کورسز کے لیے مارکنگ فارمیٹ بالترتیب 50:50 کے تناسب پر ہوگا۔

6.1 سال اول کے تعین قدر کا طریقۂ کار

6.1.1 داخلی تعین قدر

داخلی تعین قدر میں ہر کورس کے لیے تفویضات شامل ہوں گے جس کے سولات یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.ycmou.ac.in یا http://ycmou.digitaluniversity.ac پر دستیاب ہوتے ہیں۔طلبا کو چاہیے کہ وہ اسٹڈی سینٹر (LSC) کی مدد سے تفویضات کے سوالات حاصل کریں یا انہیں خود ڈاؤن لوڈ کریں۔

یونیورسٹی نے تفویضات کے سوالات کے جوابات لکھنے کے لیے پورٹل پر بارکوڈ والے صفحات فراہم کیے ہیں۔ان صفحات کا پرنٹ آؤٹ لیں اور تفویضات کے سوالات کے جوابات خود تحریر کریں ٹائپ شدہ تفویضات قبول نہیں کیے جائیں گے۔بعد ازاں انہیں اسکین کریں اور پورٹل پر pdf فائل اپ لوڈ کریں۔ **6.3 میں تفویضات اپ لوڈ کرنے کے لیے تفصیلی ہدایات کا بغور مطالعہ کریں۔**

چار کریڈٹ والے کورس میں تفویضات کے لیے 30 میں سے حاصل کیے گئے نمبر اور دو کریڈٹ کے کورس میں تفویضات کے لیے 15 میں سے حاصل کیے گئے نمبرات کو Continuous Assessment (CA) میں الگ سے دکھائے جائیں گے۔ ہر کورس کے لیے داخلی تعین قدر 30% ویٹیج کا ہوگا۔ ہر کورس کے انٹرنل اسسمنٹ میں کامیاب ہونے کے لیے کم از کم 40% نمبرات حاصل کرنے ہوں گے۔

داخلی تعین قدر کی نوعیت

4 کریڈٹ کے لیے 30 نمبر		2 کریڈٹ کے لیے 15 نمبر	
سوال کی شکل اور سوال کی تعدا	نمبرات	سوال کی شکل اور سوال کی تعدا	نمبرات
طویل جوابات والے سوالات–1	10	طویل جوابات والے سوالات–1	10
مختصر جوابات کے سوالات–2 (2x5)	10	مختصر جوابات کے سوالات–1	5
معروضی سوالات–10(1x10)	10	--	--
Total	**30**	**Total**	**15**

6.1.2 حتمی تعین قدر (سمیسٹر پیٹرن)

ہر سمسٹر کے آخر میں ایک تحریری امتحان ہوگا۔ چار کریڈٹ کورس کے لیے 70 میں سے حاصل کردہ نمبر اور دو کریڈٹ کورس کے لیے 35 میں سے حاصل کردہ نمبرات کو Continuous Assessment (CA) الگ سے دکھائے جائیں گے۔ حتمی تعین قدر کے لیے ہر کورس 70% ویٹیج کا ہوگا۔ اس میں کامیاب ہونے کے لیے کم از کم 40% نمبر درکار ہوں گے۔

حتمی تعین قدر کی نوعیت

70 نمبر کے لیے سوالات (4 کریڈٹس کے لیے)					
نمبر شمار	سوالات کی شکل	سولات کی تعدا	اختیاری	نمبر	جملہ نمبرات
01	طویل جوابات کے لیے سولات	03	01	فی سوال دس نمبر	30
02	مختصر جوابات کے لیے سولات	05	01	فی سوال پانچ نمبر	25
03	مختصر ترین جوابات کے لیے سولات	05	01	فی سوال تین نمبر	15
			جملہ نمبرات		**70**

☆☆☆

35 نمبر کے لیے سوالات (2 کریڈٹس کے لیے)					
نمبر شمار	سوالات کی شکل	سولات کی تعدا	اختیاری	نمبر	جملہ نمبرات
01	طویل جوابات کے لیے سولات	01	01	فی سوال دس نمبر	10
02	مختصر جوابات کے لیے سولات	02	01	فی سوال پانچ نمبر	10
03	مختصر ترین جوابات کے لیے سولات	05	01	فی سوال تین نمبر	15
			جملہ نمبرات		**35**

6.1.3 فیلڈ پروجیکٹ کے تعین قدر کا طریقۂ کار

پہلے سال کے دوسرے سمسٹر میں چار کریڈٹ کے لیے 'فیلڈ پروجیکٹ' کورس (MUR514) ہوگا۔ فیلڈ پروجیکٹ 100 نمبروں کا کورس ہے اور اس میں داخلی تعین قدر (رپورٹ کی پیشکش) اور آخری امتحان (زبانی امتحان) 50:50 ویٹیج کا ہوگا۔ فیلڈ پروجیکٹ کو مقررہ وقت پر اپنے متعلقہ اسٹڈی سینٹر (LSC) پر ذاتی طور سے جمع کرائیں۔ **'فیلڈ پروجیکٹ' یونیورسٹی کی ویب سائٹ یا پورٹل پر پراپ لوڈ نہ کیا جائے۔**

فیلڈ پرجیکٹ کے لیے 50 میں سے داخلی تعین قدر [Continuous Assessment (UA)] اور 50 میں سے حتمی تعین قدر [University Assessment (UA)] میں حاصل کردہ نمبرات طالب علم کی مارک شیٹ میں الگ سے دکھائے جائیں گے۔ پاس ہونے کے لیے داخلی اور حتمی تعین قدر دونوں میں کم از کم 40% نمبر لازمی ہوں گے۔

اگر کوئی طالب علم فیلڈ پروجیکٹ کورس میں ناکام ہو جائے یا متعلقہ سال میں فیلڈ پروجیکٹ جمع نہ کر سکا ہو تو موجودہ تعلیمی سال کی عنوان کی لسٹ کے مطابق فیلڈ پروجیکٹ دوبارہ جمع کرائے۔ فیلڈ پروجیکٹ کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.ycmou.ac.in یا http://ycmou.digitaluniversity.ac ملاحظہ کریں۔

فیلڈ پروجیکٹ: تعین قدر کی نوعیت (دوسرا سمیسٹر)

کریڈٹ	جملہ نشانات		(داخلی تعین قدر) انٹرنل ورک		(حتمی تعین قدر) فائنل امتحان	
	Max. score	Min. score	Max. score	Min.score	Max. score	Min. score
04	100	40	50	20	50	20

6.2 سال دوم کے تعین قدر کا طریقۂ کار

6.2.1 داخلی تعین قدر

داخلی تعین قدر میں ہر کورس کے لیے تفویضات شامل ہوں گے جس کے سولات یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.ycmou.ac.in یا http://ycmou.digitaluniversity.ac پر دستیاب ہوتے ہیں۔طلبا کو چاہیے کہ وہ اسٹڈی سینٹر (LSC) کی مدد سے تفویضات کے سوالات حاصل کریں یا انہیں خود ڈاؤن لوڈ کریں۔

یونیورسٹی نے تفویضات کے سوالات کے جوابات لکھنے کے لیے پورٹل پر بارکوڈ والے صفحات فراہم کیے ہیں۔ان صفحات کا پرنٹ آؤٹ لیں اور تفویضات کے سوالات کے جوابات خود تحریر کریں ٹائپ شدہ تفویضات قبول نہیں کیے جائیں گے۔بعد ازاں انہیں اسکین کریں اور پورٹل پر pdf فائل اپ لوڈ کریں۔**6.3 میں تفویضات اپ لوڈ کرنے کے لیے تفصیلی ہدایات کا بغور مطالعہ کریں۔**

چار کریڈٹ والے کورس میں تفویضات کے لیے 30 میں سے حاصل کیے گئے نمبر اور دو کریڈٹ کے کورس میں تفویضات کے لیے 15 میں سے حاصل کیے گئے نمبرات کو Continuous Assessment (CA) میں الگ سے دکھائے جائیں گے۔ہر کورس کے لیے داخلی تعین قدر 30% ویٹیج کا ہوگا۔ہر کورس کے انٹرنل اسسمنٹ میں کامیاب ہونے کے لیے کم از کم 40% نمبرات حاصل کرنے ہوں گے۔

داخلی تعین قدر کی نوعیت

2 کریڈٹ کے لیے 15 نمبر		4 کریڈٹ کے لیے 30 نمبر	
نمبرات	سوال کی شکل اور سوال کی تعدا	نمبرات	سوال کی شکل اور سوال کی تعدا
10	طویل جوابات والے سوالات–1	10	طویل جوابات والے سوالات–1
5	مختصر جوابات کے سوالات–1	10	مختصر جوابات کے سوالات–2 (2x5)
--	--	10	معروضی سوالات–10(1x10)
15	**Total**	**30**	**Total**

6.2.2 حتمی تعین قدر (سمسٹر پیٹرن)

ہر سمسٹر کے آخر میں ایک تحریری امتحان ہوگا۔چار کریڈٹ کورس کے لیے 70 میں سے حاصل کردہ نمبر اور دو کریڈٹ کورس کے لیے 35 میں سے حاصل کردہ نمبرات کو الگ سے مارک شیٹ میں دکھائے جائیں گے۔حتمی تعین قدر کے لیے ہر کورس 70% ویٹیج کا ہوگا۔اس میں کامیاب ہونے کے لیے کم از کم 40% نمبر درکار ہوں گے۔

حتمی تعین قدر کی نوعیت

70 نمبر کے لیے سوالات (4 کریڈٹس کے لیے)					
نمبر شمار	سوالات کی شکل	سولات کی تعدا	اختیاری	نمبر	جملہ نمبرات
01	طویل جوابات کے لیے سولات	03	01	فی سوال دس نمبر	30
02	مختصر جوابات کے لیے سولات	05	01	فی سوال پانچ نمبر	25
03	مختصر ترین جوابات کے لیے سولات	05	01	فی سوال تین نمبر	15
				جملہ نمبرات	70

☆☆☆

35 نمبر کے لیے سوالات (2 کریڈٹس کے لیے)					
نمبر شمار	سوالات کی شکل	سولات کی تعدا	اختیاری	نمبر	جملہ نمبرات
01	طویل جوابات کے لیے سولات	01	01	فی سوال دس نمبر	10
02	مختصر جوابات کے لیے سولات	02	01	فی سوال پانچ نمبر	10
03	مختصر ترین جوابات کے لیے سولات	05	01	فی سوال تین نمبر	15
			جملہ نمبرات		35

6.2.3 ریسرچ پروجیکٹ کے تعین قدر کا طریقۂ کار

6.2.3.1 ریسرچ پروجیکٹ (چار کریڈٹ) کے تعین قدر کا طریقۂ کار

دوسرے سال کے تیسرے سمسٹر میں چار کریڈٹ کے لیے 'ریسرچ پروجیکٹ' کورس (MUR600) ہوگا۔ ریسرچ پروجیکٹ 100 نمبروں کا کورس ہے اور اس میں داخلی تعین قدر (رپورٹ کی پیشکش) اور آخری امتحان (زبانی امتحان) 50:50 ویٹیج کا ہوگا۔ ریسرچ پروجیکٹ کو مقررہ وقت پر اپنے متعلقہ اسٹڈی سینٹر (LSC) پر ذاتی طور سے جمع کرائیں۔ **'ریسرچ پروجیکٹ' یونیورسٹی کی ویب سائٹ یا پورٹل پر اپ لوڈ نہ کیا جائے۔**

ریسرچ پروجیکٹ کے لیے 50 میں سے داخلی تعین قدر [Continuous Assessment (UA)] اور 50 میں سے حتمی تعین قدر [University Assessment (UA)] میں حاصل کردہ نمبر طالب علم کی مارک شیٹ میں الگ سے دکھائے جائیں گے۔ پاس ہونے کے لیے داخلی اور حتمی تعین قدر دونوں میں کم از کم 40% نمبر لازمی ہوں گے۔ اگر کوئی طالب علم ریسرچ پروجیکٹ کورس میں ناکام ہو جائے یا متعلقہ سال میں ریسرچ پروجیکٹ جمع نہ کر سکا ہو تو موجودہ تعلیمی سال کی عنوان کی لسٹ کے مطابق ریسرچ پروجیکٹ دوبارہ جمع کرائے۔ ریسرچ پروجیکٹ کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.ycmou.ac.in یا http:// ycmou.digitaluniversity.ac ملاحظہ کریں۔

ریسرچ پروجیکٹ: تعین قدر کی نوعیت (تیسرا سمیسٹر)

کریڈٹ	جملہ نشانات		(داخلی تعین قدر) انٹرنل ورک		(حتمی تعین قدر) فائنل امتحان	
	Max. score	Min. score	Max. score	Min. score	Max. score	Min. score
04	100	40	50	20	50	20

6.2.3.2 ریسرچ پروجیکٹ (چھ کریڈٹ) کے تعین قدر کا طریقۂ کار

دوسرے سال کے چوتھے سمسٹر میں چھ کریڈٹ ریسرچ پروجیکٹ کورس (MUR699) ہوگا۔ ریسرچ پروجیکٹ 150 نمبروں کا کورس ہے اور اس میں داخلی تعین قدر (ریسرچ رپورٹ کی پیشکش) اور حتمی تعین قدر (زبانی امتحان) کا ویٹیج 50:50 ہوگا۔ 'ریسرچ پروجیکٹ' کو مقررہ وقت کے اندر طلبا اپنے متعلقہ اسٹڈی سینٹر (LSC) پر جمع کرائیں۔ **ریسرچ پروجیکٹ یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ نہ کیا جائے۔**

ریسرچ پروجیکٹ میں 75 نمبر داخلی تعین قدر [Continuous Assessment (UA)] اور 75 نمبر حتمی تعین قدر [University Assessment (UA)] میں حاصل کردہ نمبر طالب علم کی مارک شیٹ میں الگ سے دکھائے جائیں گے۔ داخلی تعین قدر اور حتمی تعین قدر دونوں میں کم از کم 40% نمبر لازمی ہوں گے۔ اگر کوئی طالب علم ریسرچ پروجیکٹ کورس میں ناکام ہو جائے یا متعلقہ سال میں ریسرچ پروجیکٹ جمع نہ کر سکا ہو تو موجودہ تعلیمی سال کی عنوان کی لسٹ کے مطابق ریسرچ پروجیکٹ دوبارہ جمع کرائے۔ ریسرچ پروجیکٹ کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لیے یونیورسٹی کی

ویب سائٹ www.ycmou.ac.in یا http:// ycmou.digitaluniversity.ac ملاحظہ کریں۔ ریسرچ پروجیکٹ کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ http://ycmou.digitaluniversity.ac OR www.ycmou.ac.in پر ملاحظہ کریں۔

ریسرچ پروجیکٹ: تعین قدر کی نوعیت (چوتھا سمیسٹر)

کریڈٹ	جملہ نشانات		(داخلی تعین قدر) انٹرنل اسسمنٹ		(حتمی تعین قدر) فائنل امتحان	
	Maximum score	Minimum score	Maximum score	Minimum score	Maximum score	Minimum score
06	150	60	75	30	75	30

6.3 داخلی تعین قدر کے لیے تفویضات آن لائن اپ لوڈ کرنے کی ہدایات

(Online Submission of Home Assignment)

☆ **طلبا کے لیے ہدایات:**

طلبا کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے ہاتھ سے لکھے ہوئے تفویضات کو داخلی تعین قدر کے لیے یونیورسٹی کے پورٹل پر اپ لوڈ کریں اور نیچے دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

1۔ تفویضات کے لیے آپ کو https://asm.ycmou.org.in/ یا پورٹل پر دستیاب اسٹوڈنٹ یوزر گائیڈ کو احتیاط سے پڑھنا چاہیے۔ اپنے 16 ہندسوں کے مستقل رجسٹریشن نمبر (PRN) کا استعمال کرتے ہوئے رجسٹر کریں۔

2۔ پورٹل پر کامیابی کے ساتھ رجسٹر (لاگ ان) کرنے کے بعد آپ کو متعلقہ کورسز کی مکمل معلومات نظر آئیں گی۔ یہ صفحہ تفویضات لکھنے کے لیے بارکوڈ کے ساتھ خالی صفحات فراہم کرتا ہے۔ ضرورت کے مطابق ان صفحات کا پرنٹ آؤٹ لیں اور ان پر تفویضات کے سوالات اور جوابات ہاتھ سے لکھ کر دستخط کریں۔

3۔ 10 نمبروں کے تفویضات کے سوالات کے جوابات کم از کم 100 سے 120 الفاظ میں تحریر کریں جب کہ 5 نمبروں کے تفویضات کے سوالات کے جوابات کم از کم 50 سے 60 الفاظ میں لکھے جائیں۔ تمام جوابات پوائنٹ وائز ہونے چاہئیں۔ تفویضات کے سوالات کو ترتیب وار حل کیا جائے۔ ہر سوال کا جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔ اگر سوال کا جواب ایک صفحے پر نہیں آتا تو آخر میں P.T.O. لکھیں، اور اگلے صفحے پر سوال نمبر لکھیں اور اس سے پہلے بقیہ جواب لکھیں۔ (جیسے Q-1 جاری ہے...)

4۔ ہر کورس کے تفویضات لکھنے کے بعد، اس کی pdf فائل کے صفحات ترتیب وار اسکین کریں۔ آپ کی pdf فائل کو واضح طور پر اسکین کیا جانا چاہیے جو پڑھنے کے قابل ہو۔ محتاط رہیں کہ اسکیننگ کے دوران کسی بھی صفحے کو اوور لیپ، ترچھا تہہ نہ کریں۔ ہر صفحہ کا سائز کم از کم 3MB اور تمام صفحات کو ملا کر فائل کی سائز 20MB سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

5۔ تفویضات اپ لوڈ کرنے کے لیے اس پورٹل https://asm.ycmou.org.in/ پر جائیں۔ اپ لوڈ کیے گئے تفویضات کی ابتدائی تصدیق اسٹڈی سینٹر (LSC) کے ذریعے کی جائے گی۔ ابتدائی اسکریننگ کے بعد، منظور شدہ تفویضات کو اسٹڈی سینٹر (LSC) کے کاونسلر کے ذریعے جانچا جائے گا۔

6۔ تفویضات موضوع کے مطابق اپ لوڈ نہیں کیے گئے، اسکین کیے گئے صفحات ٹیڑھے، ترچھے یا دھندلے ہیں، خالی صفحات اسکین کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ ایسے تفویضات کو مسترد کر دیا جائے گا۔ طلبا اپنے پروفائل میں تفویضات مسترد ہونے کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

7۔ پورٹل رجسٹریشن، تفویضات اپ لوڈ کرنے سے لے کر تفویضات کی جانچ، قبول اور مسترد وغیرہ کی تمام معلومات آپ کے پروفائل کے ساتھ ساتھ ای میل پر بھی دستیاب ہوں گی۔ طلبا وقتاً فوقتاً اپنی پروفائل اور ای میل چیک کرتے رہیں اور اسٹڈی سینٹر (LSC) کے مسلسل رابطے میں رہیں۔

8۔رجسٹریشن کے تمام عمل کو ایک مخصوص وقت کے اندر مکمل کرنا ہوگا۔ یونیورسٹی کی طرف سے مقررہ وقت کے بعد تفویضات اپ لوڈ نہیں کیا جا سکتا۔طلبا کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے تفویضات مقررہ وقت کے قبل اپ لوڈ کریں۔

9۔کسی بھی وجہ سے مسترد شدہ تفویضات طالب علم کے لاگ ان میں دوبارہ جمع کرانے کے لیے ایک مقررہ وقت دیا جائے گا۔مقررہ مدت ختم ہونے کے بعد تفویضات اپ لوڈ نہیں کیے جا سکتے۔اگر طلبا اس سلسلے میں غفلت برتتے ہیں تو ان کی مارک شیٹ کے انٹرنل مارکس (CA) سیکشن میں غیر حاضر (Ab) کے طور پر درج کیا جائے گا۔

10۔تمام طلبا کے لیے لازمی ہے وہ تفویضات لکھنے کے لیے اپنے لاگ ان میں دستیاب صفحات کا استعمال کریں۔چونکہ آپ کے لاگ ان صفحات میں آپ کا بارکوڈ ہوتا ہے،اس لیے کسی اور کے لاگ ان صفحات یا دیگر صفحات استعمال کرنے کے نتیجے میں آپ کے تفویضات مسترد کر دیے جائیں گے۔

11۔تفویضات متعلقہ سال میں صرف ایک بار قبول کیا جائے گا۔اگر تفویضات جمع نہیں کرایا گیا یا کسی وجہ سے فیل ہو گیا تو موجودہ تعلیمی سال کے تفویضات کو مقررہ امتحانی فیس ادا کر کے دوبارہ جمع کرایا جائے۔

☆ اسٹڈی سینٹر (LSC) کے لیے ہدایات

1۔طلبا کے اسٹڈی سینٹر (LSC) کو پورٹل https://asm.ycmou.org.in/ پر جا کر رجسٹر ہونا چاہیے۔اس کے بعد سب سے پہلے لاگ ان میں اسٹڈی سینٹر (LSC) کے کاؤنسلر کی معلومات درج کریں۔اسٹوڈنٹ ہیلپ سنٹر لاگ ان یہ معلومات فراہم کرے گا کہ کتنے طلبا نے تفویضات جمع کرایا ہے۔اس کے مطابق،طلبا کے تفویضات اپ لوڈ کرنے کی پیروی کی جائے اور تمام طلبا کے ذریعہ تفویضات کو مقررہ مدت کے اندر اپ لوڈ کیا جائے۔اس سلسلے میں طلبہ کو مناسب رہنمائی اور تعاون فراہم کیا جائے۔

2۔اسٹڈی سنٹر (LSC) کو لاگ ان میں موصول ہونے والے تفویضات کی ابتدائی جانچ متعلقہ مضامین کے کاؤنسلر کے ذریعہ فوری طور پر غیر جانبدارانہ جانچ کی جانی چاہئے۔صحیح طریقے سے اپ لوڈ نہ کیے گئے تفویضات کو مسترد کرتے ہوئے،متعلقہ طلبا کے ذریعے اسے جلد از جلد مکمل اور اپلوڈ کرنے کی ہدایت دی جانی چاہئے۔

☆ اسٹڈی سینٹر (LSC) یا طلبا کو کسی بھی طرح کا تکنیکی مسئلہ درپیش ہوتا ہے یا مزید معلومات کے لیے موبائل 8055253072 پر رابطہ کر سکتے ہیں اور oasishelpdesk22@gmail.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

07۔ رجسٹریشن کا طریقۂ کار

1۔یونیورسٹی کی پالیسی مطابق داخلہ آن لائن ہوگا۔پہلے آپ کو یونیورسٹی کی ویب سائٹ https://ycmou.digitaluniversity.ac پر جانا چاہیے۔

2۔یونیورسٹی کی ویب سائٹ https://ycmou.digitaluniversity.ac پر داخلہ ٹیب پر جائیں اور پراسپکٹس 2024-25 (اکیڈمک سیشن جنوری 2025) کے لنک پر کلک کریں۔یونیورسٹی کے مختلف کورسز کے بروشر یہاں دستیاب ہیں۔جس کورس میں آپ داخلہ لینا چاہتے ہیں اس کا بروشر ڈاؤن لوڈ کریں۔کورس میں داخلے سے متعلق معلومات کو پڑھیں (مثلاً داخلہ کی اہلیت،فیس،مضمون کا نصاب وغیرہ) اور مطلوبہ صفحات کا پرنٹ آؤٹ لیں۔

3۔یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے آن لائن رسائی کے دوران مطالعہ کے مراکز کی کورس وار فہرست دستیاب ہوگی۔آپ مذکورہ فہرست میں سے جس اسٹڈی سینٹر میں داخلہ لینا چاہتے ہیں اسے منتخب کریں اور اس اسٹڈی سینٹر کا مکمل پتہ اور اسٹڈی سینٹر نمبر دیکھیں۔

4۔جیسا کہ بروشر میں بتایا گیا ہے کہ داخلے کی اہلیت کے لیے ضروری دستاویزات،تصویر اور دستخط JPG / JPEG / PNG فارمیٹ میں اسکین کیے جائیں۔ہر فائل کا سائز 10MB سے کم ہونا چاہیے۔

5۔آن لائن داخلہ درخواست فارم بھرنے سے پہلے،براہ کرم آن لائن داخلے میں دی گئی معلومات کو ٹیبل پریزنٹیشن،یوزر گائیڈ پریزنٹیشن یونیورسٹی کی ویب

سائٹ پر طلبا ضرور دیکھیں۔

6۔ نئے داخلہ لینے والے طلباء کو آن لائن داخلہ لینے سے پہلے یونیورسٹی کے آن لائن ایڈمیشن لنک پر جا کر اپنا فعال ای میل اور موبائل نمبر رجسٹر کر کے IDUSER اور پاس ورڈ بنانا ہوگا۔ آپ کو یہاں رجسٹرڈ موبائل نمبر اور ای میل پر اپنا IDUSER اور One Time Password(OTP) موصول ہوگا۔ اس کے ساتھ نیا پاس ورڈ بنائیں اور دوبارہ لاگ ان کریں اور درخواست فارم پر کریں۔

7۔ یونیورسٹی کے گزشتہ طلبا کو لاگ ان کرنے کے لیے اپنا مستقل رجسٹریشن نمبر (PRN) اور پاس ورڈ استعمال کرنا چاہیے جو پچھلے سال استعمال کیا گیا تھا۔ اگر آپ کو پاس ورڈ یاد نہیں ہے تو Forgot Password کا لنک استعمال کریں اور اس میں پوچھی گئی معلومات کو بھر کر آن لائن لاگ ان کے عمل مکمل کریں۔

8۔ آن لائن داخل ہونے کے دوران پوچھی گئی تمام معلومات کو احتیاط سے پُر کریں۔ داخلے کی اہلیت کے لیے درکار دستاویزات، تصویر، دستخط وغیرہ کو اسکین کر کے اپ لوڈ کیا جانا چاہیے۔ جزوی، نامکمل، غلط یا دھندلی دستاویزات کو اپ لوڈ نہیں کیا جانا چاہیے۔

9۔ جس کورس میں آپ داخلہ لے رہے ہیں اس کی داخلہ فیس ادا کرنا لازمی ہے جیسا کہ پراسپکٹس میں بتایا گیا ہے۔ آن لائن درخواست فارم میں فراہم کردہ لنک سے آن لائن ادائیگی کے لیے گیٹ وے کا استعمال کرتے ہوئے کریڈٹ کارڈ/ ڈیبٹ کارڈ/ نیٹ بینکنگ/ UPI کے ذریعے داخلہ فیس ادا کریں۔ درخواست گزار کی یہ واحد ذمہ داری ہوگی کہ درخواست فارم میں دیے گئے لنک کے علاوہ کسی اور لنک پر فیس ادا نہیں کی جائے گی۔

10۔ داخلہ کی تصدیق اور دیگر معلومات سے متعلق ای میل/ SMS پیغامات آپ کے ای میل آئی ڈی اور موبائل پر بھیجے جاتے ہیں۔ موصول ہونے والے تمام پیغامات کو محفوظ کریں۔

11۔ آپ یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ کا استعمال کر کے اپنے داخلے کے اسٹیٹس کو چیک کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے تو آپ کو Approved لکھا نظر آئے گا اور اگر اسے مسترد کر دیا جاتا ہے تو Reject آپ کے پروفائل میں ظاہر ہوگا۔ وقتاً فوقتاً اپنی درخواست کا اسٹیٹس چیک کریں۔

12۔ آپ کے داخلہ کی منسوخی یا نامکمل دستاویزات کے بارے میں یونیورسٹی کی طرف سے کوئی ای میل/ پیغام نہیں بھیجا جاتا ہے۔ غلط داخلے یا داخلے کے لیے نااہل ہونے کی صورت میں یونیورسٹی کے قوانین کے مطابق کوئی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔

13۔ کورس کی کامیابی اور تکمیل تک درخواست دہندہ آن لائن درخواست فارم میں معلومات کو تبدیل نہیں کر سکتا۔

14۔ آن لائن داخلہ فارم پرنٹ کریں اور اپنے داخلے کی تصدیق کے لیے اہلیت کے دستاویزات اسٹڈی سینٹر/LSC میں جمع کرائے جائیں۔ یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب مطالعاتی مواد استعمال کیا جائے۔

15۔ ریزرو کیٹیگری کے طلبا کے لیے اسکالرشپ کے حوالے سے نوٹیفکیشن ویب سائٹ پر دیا گیا ہے۔ اسے غور سے پڑھیں اور مہاڈی بی ٹی ویب سائٹ پر آن لائن داخلہ اور آن لائن درخواست کے عمل کو وقت پر مکمل کریں۔

